# 22-04-2025 TUESDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

## سرخیاں

...... مرکزی سائنس اور ٹکنالوجی کے وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے عام لوگوں کے فائدے کے لیے تحقیق کے ثمرات لانے کے لیے جامع نقطہ نظر کو اپنانے پر زور دیا

...... ڈپٹی چیف منسٹر کا کہنا ہے کہ ریاستی حکومت نہ صرف تلگو سنیما بلکہ اردو سینما کی بھی حمایت کرے گی، جو ریاست کے ثقافتی تنوع کی عکاسی کرتی ہے۔

...... تلنگانہ انٹرمیڈیٹ امتحان کے نتائج کا اعلان آج کر دیا گیا۔ ملوگو ضلع پاس فیصد میں سرفہرست ہے۔

...... نائب صدر جگدیپ دھنکر کا کہنا ہے کہ منتخب نمائندے آئین کے مواد کا تعین کرنے کے حتمی ذمہ دار ہیں۔

STARTUP

مرکزی سائنس اور ٹکنالوجی کے وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے عام لوگوں کے فائدے کے لیے تحقیق کے ثمرات لانے کے لیے جامع نقطہ نظر کی حمایت کی۔ انہوں نے کہا کہ نیوکلیئر سیکٹر بشمول اسٹارٹ اپس میں سرمایہ کاری کے دروازے کھولے جائیں گے۔ حیدرآباد میں اپنی نوعیت کے پہلے سی ایس آئی آر اسٹارٹ اپ کانکلیو کا افتتاح کرنے کے بعد خطاب کرتے ہوئے مرکزی وزیر نے کہا کہ حکومت اور سائنسی دنیا اسٹارٹ اپس کو فروغ دینے کے لیے اکٹھے ہوئے ہیں۔ یہ بتاتے ہوئے کہ مختلف شعبوں کو سرمایہ کاری کے لیے کھول دیا گیا ہے، انہوں نے اعلان کیا کہ جوہری شعبے کو اس سال کھول دیا جائے گا۔ یہ بتاتے ہوئے کہ پیٹنٹ فائلنگ، اختراعات اور اسٹارٹ اپس کی تعداد جو برقرار ہے ان دنوں کئی گنا بڑھ گئی ہے۔ وزیر نے کہا کہ حکومت کی طرف سے اٹھائے گئے مختلف اقدامات بشمول بجٹ میں اضافہ کے نتائج سامنے آرہے ہیں۔ وہ چاہتے تھے کہ غیر دریافت شدہ شعبوں پر توجہ مرکوز کی جائے تاکہ ملک کی تیسری بڑی معیشت بننے کے لیے ملک کی اقتصادی ترقی کو تیز کیا جائے۔

Sound Byte

حیدرآباد میں سی ایس آئی آر لیبارٹریز کے ذریعہ اسٹارٹ اپ کانکلیو کا انعقاد کیا گیا ہے، جس کا موضوع جدت طرازی اور ماحولیاتی نظام کو مربوط کرنا ہے

VP CONSTITUTION

نائب صدر جگدیپ دھنکر نے کہا ہے کہ منتخب نمائندے آئین کے مواد کا تعین کرنے کے حتمی مالک ہیں۔ دہلی یونیورسٹی میں ایک تقریب

سے خطاب کرتے ہوئے نائب صدر جمہوریہ نے اس بات پر زور دیا کہ پارلیمنٹ سپریم ہے۔انھوں نے یہ بھی کہا کہ آئین میں پارلیمنٹ سے بالاتر کسی اختیار کا تصور نہیں ہے۔

Sound byte

نائب صدر نے مزید کہا کہ شہریوں نے آئین کے تحت اپنے نمائندوں کا انتخاب اپنے تاثرات،خواہشات اور مرضی کی عکاسی کے لیے کیا ہے اور وہ انتخابات کے دوران ان نمائندوں کو جوابدہ ٹھہراتے ہیں۔

TSBIE

تلنگانہ اسٹیٹ بورڈ آف انٹرمیڈیٹ ایجوکیشن (ٹی ایس بی آئی ای) نے آج انٹرمیڈیٹ سال اول اور دوم کے نتائج کا باضابطہ اعلان کردیا۔نائب وزیراعلی بھٹی وکرمارکا نے آج حیدرآباد میں انٹرمیڈیٹ بورڈ کے دفتر میں نتائج جاری کئے۔پہلے سال کے امتحان میں مجموعی طور پر پاس ہونے والوں کا تناسب 65.96 جبکہ دوسرے سال میں 65.65 فیصد رہا۔اعلان کے بعد نائب وزیراعلی بھٹی وکرمارکا نے کہا کہ اس سال پاس فیصد میں پچھلے سال کے مقابلے میں بہتری دیکھنے میں آئی ہے۔اور لڑکیوں نے سال اول اور سال دوم میں بہتر مظاہرہ کیا ہے۔

Sound Byte

ملگو ڈسٹرکٹ نے ریاست میں 80.12 فیصد کے ساتھ پہلا مقام حاصل کیا ہے۔جبکہ کاماریڈی 54.93 پاس فیصد کے ساتھ آخری مقام پر ہے۔انٹرمیڈیٹ اڈوانسڈ سپلمنٹری امتحانات کا 22 مئی سے آغاز ہوگا۔

UPSC RESULTS

یونین پبلک سروس کمیشن،UPSC نے سول سروسز امتحان 2024 کے حتمی نتائج کا اعلان کیا ہے۔UPSC نے تقرری کے لیے کل 1009 امیدواروں کی سفارش کی ہے،جن میں 725 مرد اور 284 خواتین ہیں۔سرفہرست 25 امیدواروں میں 11 خواتین اور 14 مرد شامل ہیں جبکہ ٹاپ 5 امیدواروں میں تین خواتین اور دو مرد شامل ہیں۔شکتی دوبے نے سول سروسز امتحان 2024 میں پہلی پوزیشن حاصل کی ہے۔

NYAY PE CHHARCHA 2025

مرکزی وزیر برائے سماجی انصاف اور ترقی ڈاکٹر ویریندر کمار نے کہا کہ حقیقی ترقی کا تصور اس وقت تک نہیں کیا جاسکتا جب تک سماج کا ہر آخری شخص مالی۔سماجی۔اور تعلیمی طور پر بااختیار نہ ہو۔نئی دہلی میں آج سماجیک نیائے چرچا 2025 کے پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے وزیر موصوف نے اس بات پر زور دیا کہ اس تقریب کا مقصد سماج کے پسمانہ طبقات کی ترقی پر بات چیت کو فروغ دینا ہے۔جنھیں ڈاکٹر امبیڈکر نے مساوات فراہم کرنے کا خواب دیکھا تھا۔

Byte Dr Virendar kumar

HM EARTH DAY

وزیر داخلہ امیت شاہ نے ورلڈ ارتھ ڈے زمین کے عالمی دن پر اپنے سوشیل میڈیا پوسٹ میں عوام کو مبارکباد دی۔انہوں نے کہا کہ زمین ہی ہم سب کی زندگیوں کو پالتی ہے۔اور ترقی کے ارتقا کے لئے ضروری ماحولیاتی نظام کی پرورش کرتی ہے۔امیت شاہ نے کرہ ارض کی صحت کی حفاظت اور اس میں بہتری کے لئے انتہائی احتیاط برتتے ہوئے اس احسان کا بدلے دینے کی ذمہ داری پر زور دیا۔

POPE FUNERAL

دی ویٹیکن نے ایک بیان میں کہا ہے کہ پوپ فرانسس کی آخری رسومات ہفتہ کو ادا کی جائیں گی۔آخری رسومات روم میں سینٹ میری میجر کے باسیلیکا میں ادا کی جائیں گی۔جنازے میں عالمی رہنما اور غیر ملکی معززین کی ایک بڑی تعداد شرکت کرنے والی ہے۔پوپ کے تابوت کو سانتا مارٹا کی رہائش گاہ کے چیپل سے کل ویٹیکن شہر کے سینٹ پیٹرز باسیلیکا میں عوام کے دیدار کے لیے منتقل کیا جائے گا۔

GADDAR AWARDS

ڈپٹی چیف منسٹر بھٹی وکرمارکا نے  ریاست میں فلم انڈسٹری کو فروغ دینے کے لیے کانگریس حکومت کے عہد کو دوبارہ دہرایا ہے۔غدر تلنگانہ فلم ایوارڈ تقریب کے موقع پر ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی چیف منسٹر نے کہا کہ حکومت ریاست کے ثقافتی تنوع کی عکاسی کرتے ہوئے نہ صرف تلگو فلموں بلکہ اردو سنیما کی بھی حمایت کرے گی۔بھٹی وکرمارک نے آنجہانی غدر کو خراج عقیدت پیش کیا اور بچوں اور بوڑھوں سے مخاطب ہوتے ہوئے کہا کہ غدر کے پیغام اور گانوں کی بڑے پیمانے پر تقلید کی جانی چاہیے۔انہوں نے کہا کہ ان کے نام پر ایوارڈز کا قیام فخر کی بات ہے۔ڈپٹی چیف منسٹر نے کہا کہ ایوارڈ حاصل کرنے والوں کو نقد انعام اور تعریفی سرٹیفکیٹ دونوں دیئے جائیں گے۔تلنگانہ فلم ڈیولپمنٹ کارپوریشن کے چیئرمین دل راجو جنھوں نے اس تقریب میں شرکت کی اور اعلان کیا کہ ایوارڈ تقریب 14 جون کو ایچ آئی سی سی،حیدرآباد میں منعقد ہوگی۔

PONNAM

وزیر ٹرانسپورٹ اور حیدرآباد انچارج وزیر پونم  پربھاکر نے مرکزی وزیر بندی سنجے پر الزام لگایا کہ انہوں نے حیدرآباد بلدیاتی ایم ایل سی انتخابات کے دوران اشتعال انگیز مذہبی بیانات دے کر انتخابی ضابطہ کی خلاف ورزی کی ہے۔آج گاندھی بھون میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے پربھاکر نے کہا کہ کانگریس فوری کارروائی کا مطالبہ کرتے ہوئے الیکشن کمیشن میں باضابطہ شکایت درج کرے گی۔

MAHESH-ED

انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ (ای ڈی) نے اداکار مہیش بابو کو اس ماہ کی اٹھائیس تاریخ کو حاضر ہونے کے لئے کہا ہے۔انہیں حیدرآباد میں واقع رئیل اسٹیٹ فرموں سائی سوریا ڈیولپرس اور سورانا گروپ، سے متعلق جاری منی لانڈرنگ تحقیقات کے سلسلے میں پوچھ گچھ کے لیے طلب کیا گیا ہے۔ای ڈی منی لانڈرنگ کی تحقیقات کے ایک حصے کے طور پر سائی سوریا ڈیولپرز کے ساتھ مہیش بابو کے مالی لین دین کی جانچ کر رہی ہے- خاص طور پر اس پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے 2.5 کروڑ روپے جو اسے مبینہ طور پر نقد میں دیئے گئے  تھے۔ای ڈی ذرائع کے

مطابق، اداکارگوگروپ کے پراجیکٹس کی تشہیر کے لیے مجموعی طور پر 5.9 کروڑ روپے ادا کیے گئے، جس میں 3.4 کروڑ روپے سرکاری بینکنگ چینلز کے ذریعے اور باقی نقد رقم کی شکل میں دیئے گئے۔۔ تفتیش کار اس معاملے میں قانونی حیثیت اور ماخذ کی تحقیقات کر رہے ہیں،

WEATHER

ریاست کے اضلاع عادل آباد۔ کمرم بھیم آصف آباد۔ منچریال۔ نرمل۔ اور دیگر چند اضلاع کے مختلف مقامات پر آئندہ تین دنوں کے دوران تیز دھوپ۔ ہیٹ ویو۔ جیسے حالات رہنے کا امکان ظاہر کیا گیا ہے۔ محکمہ موسمیات نے اپنی یومیہ رپورٹ میں کہا کہ آئندہ تین دنوں کے دوران زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت میں بتدریج دو تا تین ڈگری سیلس اضافے کا امکان ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق محبوب نگر ضلع میں گذشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران مختلف مقامات پر ژالہ باری ہوئی ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ عادل آباد ضلع میں کل زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 43.8 ریکارڈ کیا گیا۔

HEATWAVE

مرکزی حکومت نے ریاستوں کو ہیٹ ویو ایڈوائزری جاری کی ہے۔ اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کو سخت گرمی کی لہر سے کارکنوں اور مزدوروں کی حفاظت کے لیے فوری اقدامات کرنے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ نئی دہلی میں نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے محنت اور روزگار کے وزیر منسکھ منڈاویہ نے کہا کہ وزارت نے اس سلسلے میں ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے تمام چیف سکریٹریوں اور ایڈمنسٹریٹرز کو خط لکھا ہے۔ انہوں نے کہا، ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کو مشورہ دیا گیا ہے کہ وہ آجروں، صنعتوں اور تعمیراتی کمپنیوں کو ہدایت جاری کریں کہ وہ کارکنوں کے لیے گرمی کی لہر کو کم کرنے کے مؤثر اقدامات کو نافذ کریں۔

DAY IPL T20

آئی پی ایل ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میں آج لکھنؤ سپر جائنٹس کا مقابلہ دہلی کیپٹل سے ہوگا۔ لکھنؤ کے بھارت رتن شری اٹل بہاری واجپائی ایکنا کرکٹ اسٹیڈیم میں۔ میچ شام ساڑھے سات بجے شروع ہوگا۔ دہلی کیپٹل فی الحال دوسرے نمبر پر ہے، جب کہ لکھنؤ پانچویں نمبر پر ہے۔

COLLECTOR

حیدرآباد کے کلکٹر انو دیپ دوریشٹی نے آج محکمہ محصولات کے افسران کو ہدایت دی کہ بنجارہ ہلز میں روڈ نمبر 12 پر 1.200 کروڑ روپے کی 12 ایکڑ پرائم سرکاری اراضی کے تحفظ کے لیے ضروری اقدامات شروع کریں۔ انہوں نے جائے وقوعہ کا معائنہ کیا اور باڑ لگانے کے کاموں کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ انہوں نے گلوبل پوزیشننگ سسٹم کی جانب سے سرکاری اراضی کی حدود کے تعین اور خالی سرکاری اراضی پر کسی قسم کی تجاوزات کو روکنے کے لیے کیے گئے کام کا بھی معائنہ کیا۔